

اس کالم کے لیے شعر بھیجتے وقت ان باتوں کا ضرور خیال رکھیں:
● جو اشعار اس کالم میں شائع ہو چکے ہوں وہ دوبارہ نہ بھیجیں ● شعر اگر پوری طرح یاد نہ ہو تو حافظے پر بھروسہ نہ کریں، شعر جہاں پڑھا ہو وہاں سے دیکھ کر لکھیں ● اچھے شعروں کا انتخاب کریں
● ایسے اشعار بھیجیں جو زندگی میں امنگ اور حوصلہ بڑھانے والے ہوں، جنھیں پڑھ کر دل و دماغ روشن ہوں اور جن سے نیکی اور انسانیت کا سبق ملتا ہو ● ہمیں ہر روز سیکڑوں اشعار موصول ہوتے ہیں، جو ایک ترتیب ہی سے شائع ہو سکتے ہیں اس لیے اشعار بھیجنے کے بعد ان کی اشاعت کا تقاضہ نہ کریں۔ آپ کا بھیجا ہوا شعر قابلِ اشاعت ہے تو نمبر آنے پر ضرور شائع ہوگا۔ **(ادارہ)**

تیری رحمتوں پہ ہے منحصر، میرے ہر عمل کی قبولیت
نہ مجھے سلیقۂ التجا، نہ مجھے شعورِ نماز ہے
(علامہ اقبالؒ) مرسلہ: رونق سبطین، ندی پار، آسنسول

ایک ایمان ہے بساط اپنی
نہ عبادت نہ کچھ ریاضت ہے
(خواجہ میر درد) مرسلہ: محمد پرویز عالم، قاضی چک، رفیع گنج

نہیں تیرا نشیمن قصرِ سلطانی کے گنبد پر
تو شاہیں ہے بسیرا کر پہاڑوں کی چٹانوں پر
(علامہ اقبالؒ) مرسلہ: محمد ضام الحق محمد عین الحق، ناندیڑ، مہاراشٹر

ہر شیشہ ٹوٹ جاتا ہے پتھر کی چوٹ سے
پتھر ہی ٹوٹ جائے وہ شیشہ تلاش کر
(علامہ اقبالؒ) مرسلہ: محمد مظہر عالم، بھاگا، دھنباد

یہی تو جیت کی معراج ہوگئی میری
شکستگی کا اسے اعتراف ہو جاتا
(ڈاکٹر حسن نظامی) مرسلہ: رئیس احمد پٹنہ (بہار)

رزق کا کچھ غم نہ دنیا کا الم
میں بہت شاداب بچپن میں رہا
(پرکاش تیواری) مرسلہ: رونق سبطین، ندی پار، آسنسول

تو ہی حاضر و ناظر تو ہی اوّل و آخر
ابتدا بھی تیری ہے، انتہا بھی تیری ہے
(بشیر رحیمی) مرسلہ: افروز جہاں، بھاگا، دھنباد

میری نظر میں یہ بھی عبادت خدا کی ہے
شفقت بھری نگاہ سے بچوں کو دیکھنا
(ڈاکٹر حسن نظامی) مرسلہ: محمد سہیل عالم، بھاگا، دھنباد

یاد احباب گزشتہ پہ فدا رہتا ہے
دل ناشاد بجھی شمع کا پروانہ ہے

نظر آتا ہے فقیری میں تماشائے جہاں
بھیک کا ٹھیکرا جمشید کا پیمانہ ہے
(چکبست) مرسلہ: احتشام حسین، منڈی بازار، برہانپور

مانا کہ اس جہاں کو نہ گلزار کر سکے
کچھ خار کم تو کر گئے گزرے جدھر سے ہم
(ساحر لدھیانوی) مرسلہ: سحر اسعد، ریوڑی تالاب وارانسی

ترے کرم کی سخاوت سے ہوگئے نادم
ہمارے لب پہ نہیں حرف مدعا کوئی
(ڈاکٹر حسن نظامی) مرسلہ: محمد آفتاب عالم، بھاگا، دھنباد

آنے والے کسی طوفان کا رونا رو کر
ناخدا نے مجھے ساحل پہ ڈبونا چاہا
(حفیظ جالندھری) مرسلہ: خوشبخت سبطین، ندی پار، آسنسول

خبر نہیں کیا نام ہے اس کا خدا فریبی یا خود فریبی
عمل سے غافل ہوا مسلمان بنا کے تقدیر کا بہانہ
(علامہ اقبالؒ) مرسلہ: سیفی سبطین، ندی پار، آسنسول

○○